بلوچستان کے مختلف اضلاع میں کھلی کچہریاں میں شہریوں کو اپنے مسائل بیان کرنے اور مشکلات کے ازالہ کے لئے موثر پلیٹ فارم مہیا کرتی ہیں۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی سربراہی میں مخلوط صوبائی حکومت کا وژن یہ ہے کہ عوام کے بنیادی مسائل کو حل کیا جائے۔ کھلی کچہریوں میں پینے کے صاف پانی، نکاسی آب، سڑکوں کی تعمیر مرمت کے علاوہ بے روزگار افراد کی جانب سے روزگار کی فراہمی جیسے مسائل سامنے لائے جارہے ہیں۔ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ صوبائی وزرا بھی اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں کھلی کچہریوں کا وقتاً فوقتاً انعقاد کر کے عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کے لئے احکامات صادر کرتے ہیں۔ آئندہ سال عام الیکشن کا سال ہے۔ اس سے قبل بلدیاتی انتخابات ہوں گے، جس کے لئے سیاسی و مذہبی جماعتوں نے تیاریاں شروع کردی ہیں۔ صوبے کے عوام اب سیاسی طور پر باشعور ہو چکے ہیں۔ وہ کارکردگی کی بنیاد پر ہی آئندہ الیکشن میں پارٹیوں اور امیدواروں کو مینڈیٹ دیں گے۔ جن جماعتوں نے ان کے مسائل حل کرنے میں دلچسپی لی ہے۔ وہی جماعتیں عوام سے ووٹ کی پرچی حاصل کرسکیں گی۔ پانی کی عدم دستیابی سب سے بڑے مسئلہ کے طور پر سامنے آیا ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں شہری بوند بوند پانی کو ترس رہے ہیں۔ سابق حکومت نے اپنی ترجیحات میں پانی کے مسئلہ کو ساتویں، آٹھویں نمبر پر رکھا۔ یہ بیانیہ اختیار کیا گیا کہ لوگ بلز ادا نہیں کرتے۔ پانی کی چوری ہوتی ہے۔ ہم اس موقف کو سختی کے ساتھ مسترد کرتے ہوئے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ بلز وصول کرنا اور چوری روکنا حکومت کا کام ہے۔ جو صارفین پانی کی چوری یا بلز کی عدم ادائیگی میں ملوث ہیں۔ ان کے خلاف حکومتی اداروں کو سخت کارروائی سے کس نے روکا ہے۔ پانی کے بلز باقاعدگی کے ادا کرنے والے شہریوں کو بلز کی عدم ادائی اور چوری کرنے والے صارفین کے اعمال کی سزا کیوں دی جاتی ہے۔ کسی بھی حکومت کی کامیابی کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ عوام کو جان و مال عزت و آبرو کے تحفظ کے بعد بنیادی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائے۔ جو حکومت عوام کو سہولیات زندگی نہیں دے سکتی اسے کامیاب اور عوامی حکومت قرار نہیں دیا جاسکتا۔ اکیسویں صدی میں بھی صوبے کے عوام صاف پانی سمیت دیگر بنیادی سہولتوں سے محرومی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ بلوچستان کی موجودہ حکومت کو مسائل کا ایک انبار ورثے میں ملا ہے۔ جس میں بے روزگاری اور پانی کا مسئلہ بھی شامل ہے۔ گزشتہ حکومتوں نے میرٹ پر لوگوں کو ملازمتیں نہ دے کر صوبے کے نوجوانوں میں مایوسی و بے چینی پیدا کی ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے کوہلو میں کھلی کچہری میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اولین ترجیح ہے۔ ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے۔ منصوبوں کی تکمیل سے عوامی مسائل کے حل میں آسانیاں پیدا ہوں گی، اور عوام کو دیرپا بنیادی سہولیات میسر آئیں گی۔ صوبائی حکومت بے روزگار نوجوانوں کو بڑی تعداد میں میرٹ ملازمتوں کی فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے۔ اس سلسلہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے تمام وزارتوں اور متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز کو جلد عملدرآمد کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ محکمہ تعلیم میں 1500 سے زائد غیر تدریسی عملہ کی تعیناتی کے لئے اسامیاں مشتہر کر دی گئی ہیں۔ تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے کیلئے سیکرٹری تعلیم سختی کے ساتھ ہدایات دی گئی ہیں۔ تاکہ بلوچستان میں معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

تمام اداروں اور محکموں میں میرٹ اور شفافیت کے ساتھ اسامیوں پر تعیناتی ضروری ہے، لیکن محکمہ تعلیم میں خاص طور پر یہ توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ قابلیت اور استعدار رکھنے والے نوجوان ہی بھرتی ہوں۔ ماضی میں سب سے زیادہ بھرتیوں میں بے قاعدگیاں اور خرید و فروخت محکمہ تعلیم میں ہی ہوئی۔ نان ٹیچنگ سٹاف کی بھرتیوں میں بے قاعدگیوں بارے رپورٹ سامنے آنے کے بعد بھی سابق وزیراعلیٰ نے کوئی ایکشن نہیں لیا۔ ٹیسٹنگ اتھارٹی نے ٹیچرز کی اسامیوں کیلئے جو میرٹ لسٹ مرتب کی اس کا کوئی فارمولہ ظاہر نہیں گیا۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ امیدوار منہ دیکھتے رہ گئے اور کم اہلیت کے حامل افراد کو ملازمتیں مل گئیں۔ ہم صوبائی حکومت کے وزراء اور حکام سے توقع رکھتے ہیں کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ نہ صرف جاری رکھا جائے گا، بلکہ ان کچہریوں میں عوام کی جانب سے جو مسائل سامنے لائے جائیں، ان کو حل بھی کیا جائے گا۔

بس اللہ مالک ہے

وسعت اللہ خان

یہ تو ہم بچپن سے پڑھتے آ رہے ہیں کہ دنیا کے رقبے کا ایک چوتھائی خشکی اور باقی پانی ہے، اگر اسی پانی کو ایک فرضی بالٹی میں جمع کر لیا جائے تو اس بالٹی میں چھلے پانی کی مقدار چائے کے کپ کے برابر ہے۔ (چھلے پانی کا یہ کپ گلیشیرز، دریاوں، جھیلوں اور زیر زمین پانی کی شکل میں دستیاب ہے۔) اس کپ میں سے چائے کے چمچ کے برابر پانی انسانی استعمال میں ہے۔ اب اگر چائے کے چمچ میں میسر پانی بھی ہم اپنی غلفت سے اودھ کر دیں تو پھر ہماری، مالی صحت کسی بھی صورت اس زخم سے لگنیں کھاتی کہ ہم ہی اشرف المخلوقات ہیں۔ ویسے کہنے کو اب چھلے لاکھ بار روزانہ "پانی ہی زندگی ہے" چاہتے رہیں۔ چھلے پانی کی اس قدر قلیل مقدار کے باوجود بھی حال یہ ہے کہ صرف چھتیس فیصد پاکستانیوں کو پینے کا صاف معیاری پانی میسر ہے۔ پاکستان کا شمار چوتھی کی اون میں ممالک میں ہوتا ہے جہاں انسانوں کو گھر کے قریب صاف پانی تک سب سے کم رسائی ہے۔ کم از کم ایکس ملین پاکستانیوں کو یہ صاف پانی طویل فاصلہ طے کر کے گھر تک لانا پڑتا ہے۔ پاکستان اس اعتبار سے خوش قسمت ہے کہ یہاں زیر زمین پانی کا چوتھا بڑا عالمی ذخیرہ پایا جاتا ہے اور اس ذخیرے کو استعمال کرنے والا تیسرا بڑا مقداری ملک بھی پاکستان ہے۔ دنیا میں موجود زیر زمین پانی کے ذخیرے کا نو فیصد پاکستان کے ذیرا استعمال ہے۔ یہ استعمال عاقلانہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔ مگر استعمال بنا منصوبہ بندی اندھا دھند ہے۔ چنانچہ زیر زمین پانی ضایع کرنے والے ممالک کی فہرست میں بھی پاکستان دوسرے نمبر پر ہے۔ جتنا بھی زیر زمین پانی نکالا جاتا ہے اس پر مقامی صنعت کا اٹھسار نو فیصد، پینے کا اٹھسار نو فیصد اور زراعت کا اٹھسار ستاسٹھ فیصد تک ہے۔ گزشتہ دو عشروں سے ایک اور نیا استعمالی مہمان ان دھمکا ہے۔ یعنی جوں بند پانی فروخت کرنے والی کمپنیاں جو پریمیر کورٹ کی ابزرویشن کے مطابق کوڑیوں سے بھی کم قیمت ادا کر کے پانی کھینچ کے سونے کے بھاو فروخت کرتی ہیں۔ مزید قیامت ان بارہ لاکھ ٹیوب ویلوں نے ڈھا رکھی ہے جو زرعی و صنعتی مقاصد کے لیے زیر زمین پانی کھینچتے ہیں۔ وہ کسی حالت میں یہ تعداد ساٹھ تین برسوں میں پہلی بار سیاست میں حقیقی معنوں میں ہلچل مچی ہے۔ اس سے قبل اپوزیشن جماعتوں ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے اور نیچا دکھانے پر اپنی طاقت صرف کرتی رہیں، اب اپوزیشن عمران حکومت کو فٹ نائم دینے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرتی نظر آرہی ہے، پنجاب پارٹی کے پی ڈی ایم سے نکلنے کے بعد وقتی طور پر اپوزیشن میں دراڑ پڑی مگر اب دونوں جماعتیں حکومت کے خلاف ایک نقطہ پر متحد ہوگئی ہیں اپوزیشن جماعتوں کے رابطوں میں تیزی آرہی ہے، اچھی بات یہ ہے کہ تمام اپوزیشن جماعتیں پیپلز پارٹی کے موقف سے متفق ہوگئی ہیں کہ حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد لائی جائے کیونکہ حکومت نے سارے تین سالوں میں معیشت اور عوام کا جو حشر کیا اس سے حکومت نے اپنے خلاف فیصلہ دے کر اوٹ تیار کردی ہے، حکومت کو اب کسی بڑی کی ضرورت ہی نہیں رہی، حکومت خود اپنی ڈھٹی بن چکی ہے مہنگائی کا سونامی بلکہ سونامی مہنگائی ہے اس کے لئے اب سونامی کی مثال دینا بھی ناکافی محسوس ہوتا ہے، حالت یہ ہے ایک لاکھ روپے ماہانہ کمانے والا شخص بھی مہنگائی کے ہاتھوں تر پ اٹھتا ہے، وہاں سوچیں دیہاڑی دار مزدور کی کیا حالت ہوگی، غریب تو زندہ درگور ہو چکا، بس سانس کی ڈوری میں بندھا ہوا ہے، یوں سمجھ لیں کہ غریب وفنی لیٹر پر ہے، زندہ درگور بھی مردہ ہی سمجھا جائیگا سرکی مہنگائی کی بات کی ہے ورنہ مہنگائی کا بیان ذکر کرنا تنی فضول ہے کیونکہ نو فیصد عوام مہنگائی اور حکومت سے تنگ آچکے ہیں، اپوزیشن نے حکومت کو ساڑھے تین سال مرے کرنے کے بہت مواقع فراہم کیے جس کی وجہ سے عمران حکومت کو شاید غلطی بھی ہوگئی تھی کہ اپوزیشن میں اب دو وااوم ڈم نہیں رہا، نواز شریف ملک چھوڑ کر جا چکے اور بے نظیر دنیا سے رخصت کردی گئی ہیں، اس لئے اب ان میں تیل نہیں ہیگر شاید حکومت بھول گئی کہ نواز شریف نے زیرک سیاستدان بے نظیر بھٹو کو ہمیشہ نائم دیا اور آصف علی زرداری کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ایک زرداری سب پہ بھاری، دونوں ایسے سیاستدان ہیں جو کہ 72 گھنٹوں میں سب کچھ پلٹ دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں، دونوں کا ماضی ایسی مثالوں سے بھرا ہوا ہے مگر عمران خان کو غلط فہمی ہے کہ وہ سب سے ذہین سیاستدان ہیں جس نے اپوزیشن کو دیوار کے ساتھ لگا دیا ہے ساڑھے تین برسوں بعد جو حقیقی سیاسی مل جل نظر آرہا ہے یہ اب کسی نہ کسی انجام تک پہنچے گی، شہباز شریف، آصف زرداری، بلاول بھٹو اور مولانا فضل الرحمن چوہدریوں کے ڈیرے پر حاضریاں دے چکے ہیں، چوہدری بہت سیانے ہیں، موجودہ موج میلہ کھونا نہیں چاہتے، ان کا حال اس شخص کی طرح ہے جس کے گھر کوئی مہمان آتے تو کہتا ہے، آئے ہیں تو کیا لائے ہیں، جا رہے ہیں تو کیا دے کر جا رہے ہیں اور اگر ان کو کوئی غیرت نہ تڈ کہتے ہیں، منٹی پاؤ نہ کھاؤ تاوجود موجودہ صورتحال میں جو تاگیر ترین گروپ کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے، جو تاگیر ترین نے موقع کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے پر پرزے نکالنا شروع کر دیے ہیں، اب کسی نہ کسی حوالے سے وہ میڈیا پر تمام اپوزیشن نے ابھی اپنے اپنے پتے شو نہیں کیے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ میں جہانگیر ترین کو آج بھی پارٹی کا حصہ سمجھتا ہوں، چھوٹے موٹے اختلافات پارٹیوں میں ہوتے رہتے ہیں، میرا جہانگیر ترین سے رابطہ رہا ہے، ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ جو اتحادی حکومت سے الگ ہو گا اس کی سیاست ختم ہو جائے گی، ایسی دھمکیاں اس وقت دی جاتی ہے جب بند کمرہ ہو تاوہ دو ٹین کو برنگیس مارکر ذرائے کی کوشش کرتا ہے، اس لئے پی ٹی آئی کی پوزیشن کمزور نظر آتی تھی جہانگیر ترین موجودہ صورتحال میں سب سے زیادہ اہمیت حاصل کر چکے ہیں، کیونکہ ان کے پاس پنجاب اور قومی اسمبلی سے ارکان کی اچھی خاصی تعداد موجود ہیں اور وہ وقتاً فوقتاً اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتے رہتے ہیں، چند روز قبل گروپ کے اجلاس میں اکثر ارکان اسمبلی نے منظورہ دیا کہ جبری تحریک عدم اعتماد میں نون لیگ کا ساتھ دینا چاہیے، اس فیصلے کے بعد پنجاب میں جہانگیر ترین کا طیارہ "اقتدار کی ہوا" بن گیا ہے کیونکہ جہاں جہانگیر ترین کا جہاز لینڈ کرے گا، اقتدار کی ہوا اسی پارٹی کے سر پر بیٹھے گی۔

جہانگیر ترین کا طیارہ، اقتدار کی ہوا

انجم کاظمی

چودھری بھی جہانگیر ترین کے گن گاتے ہوئے نظر آتے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ میں جہانگیر ترین کو آج بھی پارٹی کا حصہ سمجھتا ہوں، چھوٹے موٹے اختلافات پارٹیوں میں ہوتے رہتے ہیں، میرا جہانگیر ترین سے رابطہ رہا ہے، ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ جو اتحادی حکومت سے الگ ہو گا اس کی سیاست ختم ہو جائے گی، ایسی دھمکیاں اس وقت دی جاتی ہے جب بند کمرہ ہو تاوہ دو ٹین کو برنگیس مارکر ذرائے کی کوشش کرتا ہے، اس لئے پی ٹی آئی کی پوزیشن کمزور نظر آتی تھی جہانگیر ترین موجودہ صورتحال میں سب سے زیادہ اہمیت حاصل کر چکے ہیں، کیونکہ ان کے پاس پنجاب اور قومی اسمبلی سے ارکان کی اچھی خاصی تعداد موجود ہیں اور وہ وقتاً فوقتاً اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتے رہتے ہیں، چند روز قبل گروپ کے اجلاس میں اکثر ارکان اسمبلی نے منظورہ دیا کہ جبری تحریک عدم اعتماد میں نون لیگ کا ساتھ دینا چاہیے، اس فیصلے کے بعد پنجاب میں جہانگیر ترین کا طیارہ "اقتدار کی ہوا" بن گیا ہے کیونکہ جہاں جہانگیر ترین کا جہاز لینڈ کرے گا، اقتدار کی ہوا اسی پارٹی کے سر پر بیٹھے گی۔

!خمیازہ بھگتنا پڑے گا

نجم سیٹھی

آن ائن نیوز ایجنسی کے مالک اور مدیر محسن بیگ ایٹھلشمنٹ کے خوف سانحہ فعال بازو ہیں۔ وہ 2014-15 کے ہنام کنٹینر پر موجود تھے۔ عمران خان کے رازدار ہونے اور ان کے لیے عطیات اکٹھے کرنے کا اعتراف کرتے ہیں۔ عمران خان کے ذاتی دوستوں کی خاص عطلوں میں ان کی ایک ساتھ تصاویر ہیں۔ چنانچہ جب کچھ ماہ قبل وعمران خان پر کھل کر تنقید کرنے لگے تو قدرتی طور پر چہ میگوئیاں شروع ہوگئیں۔ کیا خان اور ایٹھلشمنٹ جس نے انہیں عہدہ پر فائز کیا تھا، کے درمیان اس حد تک اختلافات بڑھ چکے کہ ایٹھلشمنٹ کے میڈیا اثاثوں کو ان کے خلاف متحرک کرنے کا وقت آگیا ہے؟ پھر جب بیگ نے عوامی سطح پر عمران خان کے "گہرے رازوں" کو بے نقاب کرنے کی دھمکی دی تو تک یقین میں بدل گیا۔ کوئی امر تصدیق طلب نہیں ہوگی۔ عمران خان جانتے ہیں کہ اس طرح کے انکشافات ان کی ڈگمگاتی سیاست اور کردار کو کتنا نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ محسن بیگ کو ایف آئی اے نے 16 فروری کی صبح پریم آباد میں اس کے گھر سے گرفتار کیا۔ جزوی طور پر اسے خاموش کرنے کے لیے اور جزوی طور پر دوسرے سابق ساتھیوں کو وارننگ دینے کے لیے کہ مبادا وہ بھی انکشافات کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔ تاہم خان صاحب کی بدقسمتی کہ بیگ کی گرفتاری کے انداز اور ان پر لگائے گئے الزامات سے وزیراعظم کی مشیوطی کا تاثر نہیں ابھرا۔ بلکہ اسے خاصی ٹف پہنچی ہے۔ ایف آئی کے نیم سادہ لباس میں محسن بیگ کو گرفتار کرنے گئی۔ اس نے وہ ڈاکو یا اغوا کنندہ ہیں، اس لیے اس نے بندوق نکالی اور ہوائی فائرنگ کردی۔ مزاحمت پر اس سے تختی برتی گئی۔ پولیس پہنچی اور بیگ کو اغوا یا اور حوالات میں بند کر دیا۔ پولیس کو طلب کرنے اور ان کے طرز عمل کی وضاحت کرنے کے لیے دو پہر کو ایک ایڈیشنل سیشن جج سے رابطہ کیا گیا۔ تحریک انصاف کی قومی اسمبلی مراد سعید کی جانب سے صبح 9 بجے لاہور میں بیگ کے خلاف مبینہ ساجر کرائم کی ایف آئی آر کیسے درج کی گئی لیکن صبح 9.30 بجے تک ایک نیم اسلام آباد میں اسے گرفتار کرنے کے لیے حرکت میں آچکی تھی۔ جج نے ایف آئی آر پر ایک نظر ڈالی اور گرفتاری کو غیر قانونی قرار دے دیا۔ پولیس نے جواب میں دہشت گردی کی عدالت میں پیش کیا جس نے اسے تین دن کے ریمانڈ پر دے دیا۔ اس پر سوالات اٹھے۔ مثال کے طور پر بیگ کے خلاف دہشت گردی کے الزامات کیوں لگائے گئے جب ان پر صرف یہ الزام تھا کہ انہوں نے ایک ذی وشی شخص کا ایک انٹرویو نشر کیا تھا جو عمران خان کی سابق اہلیہ ریحام خان کا تصنیف کردہ کتاب سے لیا گیا تھا۔ عوامی رائے یہ ہے کہ عمران خان خوف و ہراس اور غصے کے عالم میں بے چین ہو رہے ہیں۔ ایٹھلشمنٹ ان کے خلاف ہو گئی ہے۔ اپوزیشن ان کے خلاف متحدہ محاذ بنا رہی ہے۔ اتحادی ایٹھلشمنٹ کی جانب سے انہیں ٹکال باہر کرنے کے سگنل کا انتظار کر رہے ہیں۔ اس عالم میں عمران خان اپنے ناقدین کو ڈرا رہے ہیں۔ ہٹ لسٹوں کی بنگھی تیاری جاری ہے۔ جابرانہ حکمران جماعت کی پالیسی ہے۔ ہر ساعت کے بعد عمران خان کے چہیتے وزیر اور ترجمان دوسری پارٹیوں کے طریقوں کا رونا لے کر رینیٹ جاتے ہیں اور ایکشن کیمٹن کو مورد الزام ٹھیراتے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ کسی طرح خود ان کی اپنی چوری نہ پکڑی جائے۔ معاملہ صرف عدم تراشی تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ ایکشن کیمٹن کو دباؤ میں لانے کے لئے وفاقی کابینہ میں شامل دو وزرا نے ایسے الزامات عائد کئے کہ ایکشن کیمٹن کو ان دونوں کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کرنا پڑی اور ان دونوں نے غیر مشروط معافی مانگ کر گلو خلاصی کروائی۔ ایسا طرز عمل اختیار کرنے والی پارٹی اور حکومت کا سربراہ اگر اپنی سیاسی ناکامیوں کے لیے ملک کے عدالتی نظام پر الزام تراشی کرے گا تو اس سے دو ہی مطلب اخذ کے جاسکتے ہیں۔ ایک، وہ عدالتوں کو اپنے زیر تسلیم رکھ کر ان سے اپنی مرضی کے فیصلے کروانا چاہتا ہے بصورت دیگر متعلقہ ججوں کے خلاف کسی بھی حد تک جانے پر تیار ہے۔ دوم، نہ اپنی غلطیوں کا اعتراف کرنے اور ان کی اصلاح کے لئے آمادگی ظاہر کرنے کی بجائے، وہ دوسروں کو چور پکار کر اپنی غلط کاریوں کی پردہ پوشی کرنا چاہتا ہے۔ کون نہیں جانتا کہ عمران خان اور تحریک انصاف نے اقتدار حاصل کرنے کے لئے وہ سارے ہتھکنڈے استعمال کرتی ہے جو پاکستان کی کوئی بھی سیاسی پارٹی استعمال کرتی رہی ہے۔ ایسٹبلشمنٹ سے دوستی اور اس کی صوابدید سے انتخابی مہم جوئی، الیکٹ ایبلز کو کسی بھی قیمت پر ساتھ ملانے کی کوشش، سیاسی فائدے کے لیے ایسے لوگوں کے تصیدے کہنے کی روایت جن کے ساتھ ماضی قریب میں شدید سیاسی اختلاف کا اظہار کیا جاتا رہا ہے۔ کیا عمران خان کو شیکل کلب گجرات کے چوہدریوں کی بدعنوانی کے دستاویزی ثبوت صحافیوں میں بانٹنے میں متعدد نہیں رہے اور اب مونس الٰہی کی طرف سے یہ اطمینان دلانے کے بعد کہ ان ہم آپ کے ساتھ ہیں بس آپ نے کچھ انہیں بے خوفی و مسرت سے ان کا چوہدری مرخ ہو جاتا ہے اور ان کی زبان چوہدری شجاعت کی ذہانت و ذکاوت اور سیاسی بصیرت بیان کرتے ہوئے رس ٹپکانے لگتی ہے۔ کاش عمران خان جاننے کی کوشش کرتے کہ چوہدری یا ہر بار تنقیب ہو کر اقتدار کا حصہ رہنے والے سارے لوگ، صرف اسی وقت تک ان کے ساتھ رہیں گے جب تک انہیں عمران خان کی صورت میں اپنی کامیابی دکھائی دے گی۔ جس روز ان کا ساتھ سیاسی کامیابی کا راستہ نہ رہا، یہ سارے لوگ کسی دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر دوسری منازل سر کر رہے ہوں گے جو وہ اس وقت عمران خان کی معیت میں طے کرتے ہیں۔ عمران خان غلط کیجئے جس کہ اپوزیشن لیڈروں کو ان سے خوف ہے جس کو وہ انہیں معاف کرنے یا "ایزی آرڈر" دینے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ عمران خان جن لوگوں کو چور پکار کر اپنی سیاست چمکانا چاہتے ہیں وہ سارے تین سال وہ حکومت میں اپنی تمام تر کوششوں کے باوجود انہیں سزائیں دلوانے میں ناکام رہے ہیں۔ اب عمران خان خوفزدہ ہیں کہ کہیں تاریخ کا پہیہ الٹا گھومنا نہ شروع ہو جائے اور اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے لئے وہ خود اسی نظام کے تختہ مشق بن جائیں جسے وہ اس وقت بڑی دیدہ دلیری سے مخالفین کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ عمران خان انصاف کا نام ضرور لیتے ہیں لیکن ان کی لغت میں انصاف کی تعریف یہی ہے کہ مکمل عدالتی نظام ان کے بغیر یا تو مفلوج ہو جائے یا ان کے ہاتھ میں بند کر دے۔ پاکستانی عوام کی قابل ذکر تعداد کو انہوں نے اس نعرے کے ذریعے سیاسی چنگل میں پھنسایا تھا۔ وہ جانتے ہیں کہ سیاسی لیڈروں کی کرپشن کے بارے میں ان کی خود ساختہ تصویر ماند پڑ چکی ہے لیکن وہ جوش خطابت سے کسی بھی طرح اسے چھپا کر ایک بار پھر وہی تجنیں بیچنا چاہتے ہیں تاکہ کسی طرح اپنی سیاسی ناکامیوں پر پردہ ڈال سکیں۔ عمران خان سیاسی ناکامیوں کو ناکامی سمجھتے ہیں۔ کیونکہ تراشوں کے علاوہ کوئی لکیر تقریر کی حد تک عمران خان ملک میں دولت کے انبار جمع ہوتے دیکھ رہے ہیں۔ منڈی بہاؤالدین جیسے چھوٹے قصبے میں لوگوں کو جمع کروا کے یہ تاثر رہے ہیں کہ ان کے دور میں ملکی دولت میں اضافہ ہوا ہے۔ کیوں کہ بلطور مقرر انہیں دلیل کی نہیں لوگوں کو چکنی چپڑی باتوں سے گمراہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ ضرور اس مقصد میں کامیاب ہوتے اگر عوام کی اکثریت گھروں کا چولہا جلانے کے لئے شدید تریں پریشانی کا سامنا نہ کر رہی ہوتی۔ کوئی تجزیہ نگار ضرور ملکی دولت میں اضافہ کی جست پر غور کرتا اگر اسے تحریک انصاف کے دور حکومت میں ملکی قرضوں میں قومی پیداوار کی شرح کے حوالے سے غیر معمولی اور غیر ذمہ دارانہ اضافہ دکھائی نہ دیتا۔ تحریک انصاف کے دور میں پاکستان نے کبھی قرضے 90 ارب ڈالر سے بڑھ کر 127 ارب ڈالر تک نہیں پہنچے تھے۔ یہ اضافہ اگر قومی آمدنی میں اضافہ کی بنیاد پر ہوتا تو عام پاکستانی شہریوں کی جیبوں پر اس کا بوجھ نہ پڑتا اور وزیراعظم کو روزافزوں مہنگائی کے لئے پرانے نعروں کو پھنکل کر کے پیش نہ کرنا پڑتا۔ عمران خان کی حکومت کل پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اب سیاسی مخالفین کو تازیانے مارنے والے اقتدار کو 2023 کا انتخاب جیت کر سب کو جیلوں میں بند کرنے کی دھمکیاں دے کر وہ اپنا دل خوش کر سکتے ہیں لیکن معروضی حالات ان کا ساتھ نہیں دے رہے۔ عمران خان کو زمین اپنے پاؤں کے نیچے سرکتی محسوس ہوتی ہے ورنہ وہ مولانا فضل الرحمان کا ذکر کرتے ہوئے سیاسی بھکڑ پن کا مظاہرہ نہ کرتے۔ انہیں خیبر پختون خوا میں 2018 میں دوسری بار اقتدار جیتنے کا دعویٰ ہے لیکن حالیہ بلدیاتی انتخاب میں وہ اپنی پارٹی کی ناقابل یقین ناکامی کا ذکر کرنا نہیں چاہتے۔ سیاسی ضرورت کے تحت مین چوہدری ڈیسل کو درست بتا کر تقریر میں وزن پیدا کیا جاسکے اور یہ کہنا کہ پیپلز پارٹی کے ساتھ احترام کا رشتہ استوار کرنا بھی جدید جمہوری نظام کی بنیاد سمجھی جاتی ہے۔ عمران خان سیاسی مخالفین کی کردار کشی کو اپنا پیدائشی حق سمجھتے ہیں لیکن اپنی طرف اچھالے گئے ایک فقرے پر پوری ریاستی مشینری کے اختلاف رائے رکھنے والے کے خلاف استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ وزیراعظم نے اس تقریر میں دعویٰ کیا ہے کہ ملک میں عدالتیں آزاد ہیں۔ حالانکہ ایک روز پہلے ہی وہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو اس ایڈیشنل سیشن جج کے خلاف کارروائی کا حکم دے چکے ہیں جس نے محسن بیگ کے گھر پر چھاپے کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔ سنہ طاس معاہدے کے مطابق راوی پر پہلا حق بھارت کا ہے۔ بھارت نہ صرف راوی کا پانی پورا پورا استعمال کر رہا ہے بلکہ بدلے میں اگر اس پانی کو ہی ابتدائی صفائی کے بعد راوی تک رسائی دی جائے تو پاکستان میں مریضوں کی سالانہ تعداد میں پچاس لاکھ تک کی کمی ہے۔ ترقی کے نام پر سندھ میں صحتی و زرعی فضلا سمندر تک پہنچانے کے لیے جس طرح لیفٹ بنک اور رائٹ بینک نکاسی کینالز کو تعمیر کر کے استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے بعد سندھ دریا اور سمندر تو بربادہوا ہی ہے۔ میٹھے پانی کی سب سے بڑی قومی جھیل کھپرے تباہ ہو کر رہ گئی ہے اور کلری و باچلی جھی جاں بلب ہے۔ سندھ کے تقریباً چوبیس اضلاع میں پینے کے لیے جو پانی میسر ہے اس کا معیار حد شدہ عالمی پیمانے کے اعتبار سے کہیں اتر ہے۔ اور مرے پہ یہ کہ ہمارے سمندر میں مچھلی کے سب سے زیادہ شکار کے لیے ایک ہی ایک ماہر جال ہے اور گرد و نواح میں زیر زمین پانی کے ذخائر میں کھنی کی میٹھی ہوگی۔ راوی اس بابت بھی مہر بلب ہے۔ ہم پاکستانیوں کے پاس ایسی تمام سمیوں کے سدھان کے لیے ایک ہی اسان جواب ہے "اللہ مالک ہے"۔ مگر اللہ صرف انسانوں کا تو نہیں پانی کا بھی مالک ہے۔ اور ہم جس طرح اس نعمت کا شکر ادا کرنے پر تلے ہوئے ہیں وہ بھی قرآنہ کے نوٹس میں ہے۔

عمران خان کو آئینہ دیکھنا پسند نہیں!

سید مجاہد علی

حکومت نے ایف آئی اے کے ذریعے کارروائی کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ سیاسی تبصروں میں 'بدکلامی' کرنا منع ہے لیکن منڈی بہاؤالدین میں وزیراعظم عمران خان کی تقریر سنی جائے تو اس میں مخالفین کے خلاف سخت ترین نازیبا الفاظ اور ایسے کے سوا کچھ نہ کہا جائے گا۔ اگر عمران خان یہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ جس شخص کے ہاتھ میں اقتدار ہے، اس کے سارے قصور معاف ہیں تو انہیں جاننا چاہیے کہ جمہوریت میں ایسے دو معیارات کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ عمران خان نے دعویٰ کیا ہے کہ اپوزیشن لیڈر زجرہ ہونے کی وجہ سے گھبرائے ہوئے ہیں، اسی لئے انہیں تحریک عدم اعتماد لانے کی جلدی ہے۔ ان کی دلیل ہے کہ اگر اپوزیشن لیڈر زجرہ نہ ہوتے تو وہ عدالتوں سے الٹوا نہ لیتے اور خوداں کی طرح عدالتی کارروائی کا سامنا کرتے۔ خود کو بے قصور ثابت کرتے۔ البتہ اگر اسی اصول کا اطلاق فارن فنڈنگ کیس میں عمران خان اور تحریک انصاف پر کیا جائے تو بالکل متضاد تصویر سامنے آتی ہے۔ سات آٹھ سال سے تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے سامنے اپنی پوزیشن واضح کرنے اور ناجائز طور سے جمع کئے گئے فنڈز کے بارے میں خود کو بے قصور ثابت کرنے کی بجائے، اس کی ساعت ملتوی کروانے کے لئے ہر ممکن قانونی حربہ اختیار کیا ہے۔ حتیٰ کہ جب اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی سکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ سامنے آئی تو اسے خفیہ رکھوانے کے لئے جرمانہ کوشش کی گئی۔ اگر واقعی عدالتوں کے سامنے پیش ہونا اور خود کو بے گناہ ثابت کرنا عمران خان کا طرہ امتیاز ہے تو وہ الیکشن کمیشن سے کیوں بھاگتے ہیں۔ تحریک انصاف کا ریکارڈ اور عمران خان کا طرز عمل یہ واضح کرتا ہے کہ خود اپنی پارٹی میں کی گئی بینامیلکیوں کا حساب دینے کی بجائے دوسروں پر الٹا کیس اٹھا کر اس معاملہ کو ملتوی کروانے یا ٹالنے کی کوشش کی جاتی رہی ہے۔ حتیٰ کہ اب بھی یہی کوشش کی جارہی ہے۔ اگر عمران خان آرمی چیف کے بطرف کرنے اور اپنے کسی آدمی کی تقرری کے ذریعے ایٹھلشمنٹ کی کمان پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جیسا کہ ایوب آمر نے 1999 میں جنرل پرویز مشرف کے ساتھ کیا تھا۔ اس صورت میں ایٹھلشمنٹ کے جوابی وار سے ان کا بھی وہی حشر ہوگا جو نواز شریف کا ہوا تھا۔ لیکن اس صورت میں ملک اور اس کی سیاست غیر متوقع اور غیر ارادی نتائج کے علاوہ غیر یقینی پن کا شکار ہو جائے گی۔ بہر حال جلد یا دیر جو بھی راستہ اختیار کیا جائے، عام انتخابات ہوں گے اور ملک کی مقبول ترین جماعت، پاکستان مسلم لیگ ن اسلام آباد میں حکومت بنائے گی اور ملک معمول کی جمہوریت کی طرف لوٹ جائے گا۔ چونکہ اگلے چند مہینوں میں عمران خان کے لیے معاملات خراب ہوتے جا رہے ہیں، وہ ا

مشتعل ہجوم کی مقدس کپکپی اور سارتر کی معزز فاحشہ

وجاہت مسعود

15 فروری کو کالم نہیں لکھ سکا۔ پھیپھڑوں میں سوزش ایک سبب تھا لیکن اصل مشکل وہی تھی جو ایمل زولا نے اپنے ناول Germinal (نطفہ) میں بیان کی تھی۔ ''donl۔outcandletheBlow' thoughtsmywhatseetoneedt' like look۔'' لکھنے والے کی مجبوری یہ ہے کہ اپنے معروض سے نجات نہیں اور معروض کی حقیقتوں سے اتفاق کرنا اپنی ذات، شعور اور عزت نفس کی نفی کے مترادف ہے۔ ایک ہی ہفتے میں تلے اوپر دو خبریں آئیں، ذرائع ابلاغ میں جن کا بیان معمول کا ایسا رنگ لئے تھا جسے محسوس کر کے جھرجھری آتی تھی۔

اتوار کے روز میاں چنوں میں 'مشتعل ہجوم' نے ایک اجنبی شخص کو اجتماعی تشدد کر کے مار ڈالا اور مظلوم کی لاش درخت سے لٹکا کر اس پر سنگ باری کی مشق کرتے رہے۔ اس درندگی کی تفصیل کیا بیان کی جائے، مقتول مشتاق کے بھائی کا یہ درد ناک جملہ شاید کچھ بتا سکے، 'تدفین کے دوران معلوم ہوا کہ وحشی ہجوم نے مقتول کی تمام انگلیاں ٹوکے سے کاٹ ڈالی تھیں'۔ یاد کیجئے، اپریل 2017 میں ولی خان یونیورسٹی مردان میں جنونی گروہ کے ظلم کا شکار ہونے والے مشال خان کی ماں نے جوان مرگ کے ہاتھ چومنا چاہے تو معلوم ہوا کہ تمام انگلیاں ٹوٹ چکی تھیں۔

3 دسمبر 2021 کو سیالکوٹ میں سری لنکن شہری پریانتھا کمارا کی پوسٹ مارٹم میں لکھا تھا کہ سوختہ جان کے جسم کی کوئی ہڈی سلامت نہیں تھی۔ برخود غلط پارسائی کی چادر میں چھپے قاتل ہجوم کی نفسیات پر کچھ بات کرنے سے پہلے وہ دوسری خبر بھی سن لیجیے جو ذہنی برہنگی کے اظہار میں کسی فرد کا نہیں، قوم کے اجتماعی امکان کے قتل کا سرعام اعتراف تھا۔ 15 فروری کو مسلم لیگ (ق) کے سینیٹر کامل علی آغا نے فرمایا کہ 'ان کی جماعت حکومت کی اتحادی نہیں، ان کا معاہدہ تو 'ریاست' سے ہے۔ جب تک ریاست کہے گی، حکومت کی حمایت جاری رکھی جائے گی'۔ اس بیان میں 'ریاست' کا مطلب سب سمجھتے ہیں۔

عشروں سے منتخب ایوانوں میں 'جمہور' کی نمائندگی کرنے والے کامل علی آغا کی ذاتی اور جماعتی سیاست کسی انکشاف کی محتاج نہیں۔ مقام ماتم تو یہ ہے کہ گزشتہ برس پنجاب میں پرویز رشید اور خیبر پختونخوا سے فرحت اللہ بابر ایوان بالا تک نہیں پہنچ سکے۔ کامل علی آغا اور پلوشہ خان کو رفعت نصیب ہوئی۔ بے شک 'ریاست' معاہدہ کرنے والوں کو حصار عافیت فراہم کرنے میں کوتاہی نہیں کرتی۔ البتہ ریاست سے عوام کا حق جمہور مانگنے والوں کی پتے بازیوں سے اشارہ ملتا ہے کہ 'مجھ پہ آئی کہاں ٹلی ہے ابھی'۔ میاں چنوں کے سانحے اور پارلیمانی تماشے میں فرق صرف یہ ہے کہ کہیں سنگ زنی کا شور ہے تو کہیں سازش کی سرگوشی۔ یہ میرا دامن صد چاک، یہ ردائے بہار۔

90ء کی دہائی میں طالبان سے ہماری محبت دراصل اس ریاستی پالیسی کی توسیع تھی جس کے مطابق مذہبی قوتیں جمہوریت سے اپنے نظری نفور کے باعث ریاست کے غیر جمہوری عزائم میں فطری حلیف تھیں۔ ڈیورنڈ لائن کے پار تو یہ آشنائی 70ء کی دہائی میں شروع ہوئی، ہم 1949 اور 1953 سے اس چراغ بے روغن میں پھونکیں مار رہے تھے۔ 1970 کے انتخاب سے کوئی سبق سیکھے بغیر یہ پالیسی جاری رہی۔ جس کا کل مآل یہ تھا کہ جمہوریت، صوبائی حقوق، آزادی صحافت اور شہری آزادیاں مانگنے والے افترا پرداز ہیں جب کہ حسب خواہش مذہبی لغت میں نچڑتا بیانیہ دینے والے ریاست کے حقیقی دوست ہیں۔

فہرست سازی سے کیا حاصل، درجنوں کتابیں اس اجتماعی جرم کی شہادت میں لکھی جا چکیں۔ روز افزوں آبادی، غیر معیاری تعلیم اور کتاب قانون میں شہری کی بے دست و پائی سے اصحاب جبہ و دستار کی قوت بڑھتی ہے اور اہل حکم کے اختیار میں تاحد نظر توسیع کی ضمانت ملتی ہے۔ مارچ 2016ء میں ایک نئے متشدد گروہ کی نمود اسی پالیسی کا شاخسانہ تھی۔ آج کل ہمارے مہربانوں کا فرمان امروز ہے کہ ہم ماضی کو بھول جائیں اور مثبت انداز میں آگے کی طرف دیکھیں۔

سرکار، ماضی کو بھول جانے والے تاریخ سے سبق حاصل کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھتے ہیں۔ ماضی کی غلطیوں کا اقرار اور ادراک کیے بغیر کیسے آگے بڑھا جا سکتا ہے۔ ہم نے سیکھا ہے کہ مذہبی جذبات کو ریاستی پالیسی کا حصہ بنانے والے نہ تاریخ مذہب جانتے ہیں اور نہ عقیدے کی نفسیات سمجھتے ہیں۔ مذہبی تشدد کی حالیہ لہر اپنی نوعیت میں طالبان کی دہشت گردی سے کہیں زیادہ مہلک ہے۔ طالبان کے بیرونی ڈانڈے، منضبط تنظیمی ڈھانچہ اور علانیہ اہداف کی بیخ کنی مشکل تھی، ناممکن نہیں۔

یہاں سیاسی ہدف کی تصریح کیے بغیر ایک جذباتی کیفیت کو ہوا دی گئی ہے جو کسی بھی وقت اور کہیں بھی بھڑک سکتی ہے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے بوجوہ مفلوج ہوں گے۔ اشتعال کا نشانہ بننے والے غیر معروف اور کمزور شہری ہوں گے۔ جرم کا ارتکاب کرنے والے ہجوم میں متعین مجرم کی نشاندہی ناممکن ہوگی۔ قدرتی ماحول میں جانوروں کے رویے کا مطالعہ کرنے والے نوبل انعام یافتہ سائنسدان کانرڈ لورنز (LorenzKonrad) نے 1966 میں ایک کتاب لکھی تھی، (On Aggression)۔

ایک جملہ ملاحظہ کیجئے، 'ہجوم کی شکل میں ایک طے شدہ ہدف پر حملہ آور ہونے والے افراد کی ریڑھ کی ہڈی اور بازوؤں پر ایک کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ کسی رکاوٹ کو خاطر میں لائے بغیر اور برسوں سے سیکھی ہوئی اجتماعی اخلاقیات سے یکسر بے نیاز مشتعل ہجوم بدترین درندگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیکی کے بے پناہ احساس میں شرابور ہو جاتا ہے'۔ 1865ء سے 1970 تک امریکہ میں نسلی برتری کی بنیاد پر قائم کو کلکس کلاں (KlanKluxKu) اسی طرح اپنے کشتگان ظلم کو ہلاک کر کے جلاتی اور درختوں سے لٹکاتی رہی۔ کالم میں ایسی تفصیل کی گنجائش کہاں، طالب علمانہ درخواست ہے کہ ژاں پال سارتر کا مختصر ڈرامہ (Respectful A Prostitute) پڑھ لیجیے۔ انیس ناگی نے 'معزز فاحشہ' کے عنوان سے اردو ترجمہ بھی کر رکھا ہے۔ آپ کو آج کے پاکستان میں بہت سے ہجومی درندے اور قابل احترام سینیٹر پہچاننے میں سہولت ہو جائے گی۔

کیا آپ اینزائٹی کی نفسیات سے واقف ہیں؟

ڈاکٹر خالد سہیل

اینزائٹی ایک ایسا نفسیاتی مسئلہ ہے جو عوام و خواص کے لیے ایک معمہ ہے۔ ایک بجھارت ہے۔ ایک ایسی پہیلی ہے جسے مختلف مکاتب فکر کے ماہرین اور محققین بوجھنے اور اس کے راز جاننے کی کئی دہائیوں سے کوشش کر رہے ہیں۔

اینزائٹی ایک ایسی بے نام سی 'بے سبب سی اور بظاہر بے وجہ سی پریشانی اور بے چینی کا نام ہے جس میں انسان بے بس اور غیر محفوظ محسوس کرتا ہے۔

میں نے اینزائٹی کے موضوع پر جتنی کتابیں پڑھی ہیں رولو مے کی کتاب MEANINGTHE ANXIETY OF ان میں سب سے زیادہ مستند اور معتبر کتاب ہے۔ میں اپنے خیالات کے ساتھ ساتھ اس کالم میں اس کتاب کے چند اقتباسات کا ترجمہ اور تلخیص بھی پیش کرنا چاہوں گا۔

رولو مے فرماتے ہیں کہ جو شخص اینزائٹی کا شکار ہوتا ہے اگر آپ اس سے پوچھیں کہ آپ کیوں اتنے بے چین اور پریشان ہیں تو وہ کوئی تسلی بخش جواب نہیں دے پاتا کیونکہ وہ خود ایک بے یقینی کا شکار ہوتا ہے۔ اس بے یقینی کی ایک وجہ یہ ہوتی ہے کہ اس کی بے چینی کا تعلق کسی ایسے گہرے نفسیاتی مسئلے سے ہوتا ہے جس کا اسے خود پوری طرح شعور نہیں ہوتا کیونکہ اس مسئلے کا کچھ حصہ لاشعور میں چھپا ہوتا ہے۔ اینزائٹی کا مسئلہ ایک آئس برگ اور ایک ایسی جل پری کی طرح ہوتا ہے جو آدھی پانی سے باہر اور آدھی پانی کے اندر مخفی ہوتی ہے۔

اینزائٹی کا شکار انسان ایک ایسی صورت حال کا شکار ہوتا ہے جہاں اس کی جان کو تو نہیں لیکن اس کی ذات کو، اس کے اعتماد کو، اس کی عزت نفس کو اور اس کی خود داری کو خطرہ محسوس ہوتا ہے۔ اسے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اس کی زندگی کی افادیت اور معنویت خطرے میں ہو۔ اس کے دل میں کوئی ایسی خواہش، کوئی ایسی امید اور کوئی ایسی آرزو ہوتی ہے جو اس کی زندگی کو بامعنی بناتی ہے۔ اور جب اس انسان کو لاشعوری پر بے معنویت کا خطرہ پیدا ہوتا ہے تو وہ اینزائٹی کا شکار ہو جاتا ہے۔

یہ خطرہ خارجی سے زیادہ داخلی اور سماجی سے زیادہ نفسیاتی ہوتا ہے۔ وہ خطرہ دوسروں کو دکھائی نہیں دیتا اسی لیے وہ اینزائٹی کے شکار شخص کو حیرانی سے دیکھتے ہیں اور اس کی بے چینی کا سبب جاننے کے لیے بیسیوں سوال پوچھتے ہیں لیکن اینزائٹی کا مریض ان سوالوں کا تسلی بخش جواب نہیں دے پاتا کیونکہ ان کا جواب شعور سے زیادہ لاشعور میں مخفی ہوتا ہے جس سے مریض خود بھی بے خبر ہوتا ہے۔

اینزائٹی میں انسان بے بس محسوس کرتا ہے۔ وہ عقلمند ہوتے ہوئے بھی کم عقل محسوس کرتا ہے۔ وہ بھری دنیا میں تنہا محسوس کرتا ہے۔ وہ دوستوں میں گھرا ہونے کے باوجود مجبور محض اور غیر محفوظ محسوس کرتا ہے۔

جب ہم اینزائٹی کے مریض کا نفسیاتی تجزیہ کرتے ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ اینزائٹی کے مریض کی کوئی ایسی داخلی قدر ہوتی ہے جو خطرے میں پڑ جاتی ہے۔ ایک مریض نے انٹرویو میں کہا 'اگر مجھے نوکری نہ ملی اور میں اپنے خاندان کا خیال نہ رکھ سکا تو خودکشی کر لوں گا'

اس مرد کے لیے اپنے بیوی بچوں کا خیال رکھنا اس کی عزت نفس کے لیے اتنا اہم تھا کہ اگر وہ ایسا نہ کر سکتا تو اس کے ضمیر کے لیے زندہ رہنا محال ہو جاتا۔

اینزائٹی میں انسان کی ذات اور اس کی انا اور اس کی عزت نفس اور اس کی خودداری کی بنیاد کی کوئی اینٹ ہلنے لگتی ہے اور اس کی خود اعتمادی کی عمارت ڈگمگانے لگتی ہے۔ اسے لگتا ہے اس پر کسی نے پیچھے سے انجانے میں حملہ کر دیا ہے ایسا حملہ جس کے لیے وہ بالکل تیار نہ تھا۔ اسی لیے وہ بے بس محسوس کرتا ہے اور اس کی بے بسی اور لاچارگی اسے بے چین اور پریشان کر دیتی ہے۔

بعض دفعہ اینزائٹی کے مریض کو یہ دھڑکا لگا رہتا ہے کہ کہیں وہ عاقل و بالغ ہونے کے باوجود اپنا ذہنی توازن نہ کھو بیٹھے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ اینزائٹی کی دو اقسام ہیں۔ پہلی قسم کی اینزائٹی فطری اور نارمل ہے جس میں انسان مسئلے کو جانتا ہے سمجھتا ہے اور اس سے نبرد آزما ہونے کی تیاری کرتا ہے۔ جیسے کسی عورت کے لیے ملازمت کے انٹرویو کی اینزائٹی یا کسی طالب علم کے لیے امتحان کی تیاری کی اینزائٹی۔ وہ اینزائٹی اس کے لیے کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ فرائڈ ایسی اینزائٹی کو anxietyobjective کا نام دیتے تھے۔

دوسری قسم کی اینزائٹی ابنارمل اور غیر فطری ہوتی ہے۔ وہ جب ایک حد سے بڑھ جاتی ہے تو انسان کو نفسیاتی طور پر مفلوج کرنے لگتی ہے۔ ماہرین ایسی اینزائٹی کو anxietyneurotic کا نام دیتے ہیں۔

بعض ماہرین نفسیات کا کہنا ہے کہ بعض اینزائٹی کے مریضوں کو سمجھنے کے لیے انسان کا موت سے رشتہ سمجھنا ضروری ہے۔

ذہنی طور پر صحتمند انسان موت کو معروضی حقیقت کی طرح قبول کرتا ہے اور جانتا ہے کہ ہر زندہ چیز کو ایک دن مرنا ہے۔ موت زندگی کی آخری منزل ہے۔

ذہنی طور پر غیر صحتمند انسان موت کے بارے میں حد سے زیادہ خوف زدہ اور پریشان رہتا ہے۔ یہ پریشانی اس کا دن کا چین بھی خراب کرتی ہے اور راتوں کی نیند بھی اڑا دیتی ہے۔ نفسیاتی طور پر غیر صحتمند انسان موت کے بارے میں پریشان ہو کر نیوروٹک اینزائٹی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بعض ماہرین نفسیات کا خیال ہے کہ ایک خاص قسم کی اینزائٹی کا تعلق محبت کے رشتوں میں جدائی سے بھی ہے ایسی اینزائٹی SEPARATION ANXIETY کہلاتی ہے۔ ماہر نفسیات اوٹو رینک کا موقف تھا کہ اگر کسی انسان کو اپنے بچپن میں اپنی ماں کی شب و روز کی بے لوث محبت نہ ملی ہو تو اس بچے کے دل میں عدم تحفظ کا جذبہ پنپنے لگتا ہے اور وہ نوجوانی تک پہنچتے پہنچتے اینزائٹی کا شکار ہو جاتا ہے۔ وہ محبت کے رشتوں میں غیر محفوظ محسوس کرنے لگتا ہے۔

ماہر نفسیات جون بولبی کی نفسیاتی تحقیق اور THEORYATTACHMENT نے اوٹو رینک کے موقف کی تائید کی۔ ایسی اینزائٹی انسانی رشتوں کو متاثر کرتی ہے اور محبت کے رشتوں میں عدم اعتمادی کا زہر گھولتی رہتی ہے۔ ایسا انسان ہر وقت اتنا بے چین رہتا ہے کہ اسے دھڑکا لگا رہتا ہے کہ اس کا محبوب اسے کبھی بھی چھوڑ کر جا سکتا ہے۔ اسے دن رات OF FEAR ABANDONMENT کھائے جاتا ہے اسے محبوب کی تسلی دینے کے باوجود بھی تسلی نہیں ہوتی۔ اینزائٹی کے مریض کو یقین ہی نہیں آتا کہ کوئی اسے اتنا چاہتا ہے اس سے ٹوٹ کر محبت کرتا ہے کیونکہ اس میں خود اعتمادی کی اتنی کمی ہوتی ہے کہ وہ خود کو UNLOVABLE سمجھتا ہے۔

ماہر نفسیات آر ڈی لینگ نے اس نفسیاتی کیفیت کو ایک ڈرامائی مکالمے میں پیش کیا ہے جو حاضر خدمت ہے

کیا تم مجھ سے محبت کرتے ہو؟

عورت: کیا تم مجھ سے محبت کرتے ہو؟

مرد: ہاں میں تم سے محبت کرتا ہوں

عورت: سب سے زیادہ؟

مرد: ہاں سب سے زیادہ

عورت: سارے جہاں سے زیادہ؟

مرد: ہاں سارے جہاں سے زیادہ

عورت: کیا تم مجھے پسند کرتے ہو؟

مرد: ہاں میں تمہیں پسند کرتا ہوں

عورت: کیا تم میری قربت پسند کرتے ہو؟

مرد: ہاں میں تمہاری قربت پسند کرتا ہوں

عورت: کیا تم مجھے دیکھنا پسند کرتے ہو؟

مرد: میں تمہیں دیکھنا پسند کرتا ہوں

عورت: کیا تمہارے خیال میں میں چغد ہوں؟

مرد: نہیں میرے خیال میں تم چغد نہیں ہوں

عورت: کیا تمہارے خیال میں میں دلکش ہوں؟

مرد: ہاں میرے خیال میں تم دلکش ہو

عورت: کیا میں تمہیں بور کرتی ہوں؟

مرد: نہیں تم مجھے بور نہیں کرتی

عورت: کیا تمہیں میرے ابرو پسند ہیں؟

مرد: ہاں مجھے تمہارے ابرو پسند ہیں

عورت: کیا بہت زیادہ؟

مرد: ہاں بہت زیادہ

عورت: کون سا تمہیں زیادہ پسند ہے؟

مرد: اگر ایک کی تعریف کروں گا تو دوسرا حسد کرے گا

عورت: تمہیں کہنا پڑے گا

مرد: دونوں بہت پیارے ہیں

عورت: سچ کہتے ہو؟

مرد: ہاں سچ کہتا ہوں

عورت: کیا میری پلکیں بہت خوبصورت ہیں؟

مرد: ہاں تمہاری پلکیں بہت خوبصورت ہیں

عورت: کیا تم مجھے سونگھنا پسند کرتے ہو؟

مرد: ہاں میں تمہیں سونگھنا پسند کرتا ہوں

عورت: کیا تمہیں میرا عطر پسند ہے؟

مرد: ہاں مجھے تمہارا عطر پسند ہے

عورت: کیا تمہارے خیال میں میں خوش مذاق ہوں؟

مرد: ہاں میرے خیال میں تم خوش مذاق ہو

عورت: کیا تمہارے خیال میں مجھ میں بہت سی صلاحیتیں پوشیدہ ہیں؟

مرد: ہاں میرے خیال میں تم میں بہت سی صلاحیتیں پوشیدہ ہیں۔

عورت: کیا تمہارے خیال میں میں سست ہوں؟

مرد: نہیں میرے خیال میں تم سست نہیں ہو

عورت: کیا تم مجھے چھونا پسند کرتے ہو؟

مرد: ہاں میں تمہیں چھونا پسند کرتا ہوں

عورت: کیا تمہارے خیال میں میں مسخری ہوں؟

مرد: صرف دلکش انداز میں

عورت: کیا تم میرا مذاق اڑا رہے ہو؟

مرد: نہیں میں تمہارا مذاق نہیں اڑا رہا

عورت: کیا تم حقیقتاً مجھ سے محبت کرتے ہو؟

مرد: ہاں میں تم سے حقیقتاً محبت کرتا ہوں

عورت: کہو 'میں تم سے محبت کرتا ہوں''

مرد: میں تم سے محبت کرتا ہوں

عورت: کیا تم مجھے گلے لگانا چاہتے ہو؟

مرد: ہاں 'میں تمہیں گلا گلے لگانا چاہتا ہوں' اپنی آغوش میں لینا چاہتا ہوں اور راز و نیاز کی باتیں کرنا چاہتا ہوں

عورت: قسم کھاؤ کہ تم مجھے چھوڑ کر نہیں جاؤ گے

مرد: میں قسم کھاتا ہوں کہ میں تم کو چھوڑ کر نہیں جاؤں گا۔ میں دل پر ہاتھ رکھ کر کہتا ہوں کہ اگر جھوٹ بولوں تو مر جاؤں۔

(کچھ عرصے کے لیے خاموشی)

عورت: کیا تم مجھ سے ''حقیقتاً'' محبت کرتے ہو؟

نیوروٹک اینزائٹی کے مریض کی جب تھراپی ہوتی ہے تو اس کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔ پھر وہ اپنی ذات پر بھی اور دوسروں سے محبت کے رشتوں پر بھی اعتماد کر سکتا ہے۔ وہ اپنے شعور اور لاشعور کے تضادات کا مناسب حل تلاش کرنے کے بعد ایک صحتمند زندگی گزار سکتا ہے۔

---

1 بقیہ

شامل کیا گیا۔ فلسطینی قانون دان مصطفیٰ شتات نے صدر عباس کے اس اقدام پر تبصرہ کرتے ہوئے اسے غیر قانونی اور غیر آئینی قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی بین الاقوامی قانون کے ایک فرد کی حیثیت سے تنظیم کے موقف کی ایک خطرناک خلاف ورزی ہے اور فلسطینی اتھارٹی کے ساتھ پی ایل او کو جوڑنا خطرناک پیش رفت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ایل او اس صلاحیت میں اس وقت تک رہے گا جب تک کہ فلسطین آزاد نہیں ہو جاتا اور اس کے بعد ہی اس کا مقصد حاصل کیا جائے گا۔ آزاد ریاست فلسطین کا آئین نافذ کیا جائے گا، خاص طور پر جب سے کوئی بھی۔ اس کے قانون کے مطابق تنظیم سے متعلق معاملہ صرف اس کے اداروں کی بنیادی اہلیت میں آتا ہے۔ شتات نے متنبہ کیا کہ صدر عباس کے جاری کردہ فرمان نے مردہ گھوڑے کو جنم دیا۔ اس سے تنظیم آزادی فلسطین کے فعال ہونے پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ سابق جج احمد الاشقر نے کہا کہ قانون کے ذریعے فلسطینی لبریشن آرگنائزیشن کی قانونی شخصیت کو اتھارٹی کے تابع کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قانون کے ذریعہ فیصلے جاری کرنے کے لئے تمہید میں پی ایل او کے قانون پر انحصار سے اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ یہ ایک غلط اور گمراہ کن اقدام ہے، کیونکہ تنظیم میں قانون سازی کا اختیار قومی کونسل کا ہے ایوان صدر کا نہیں۔

2 بقیہ

مسافر ایئر پورٹ آنے سے پہلے فلائٹ اسٹیٹس چیک کر لیں۔ طوفان کے باعث شہریوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت کی گئی ہے۔ بیلجیم، ڈنمارک اور سوئیڈن میں طوفان کے پیش نظر وارننگ جاری کر دی گئی۔

3 بقیہ

ایسے طریقہ ہائے کار موجود تھے کہ جو جنگ مخالف میں نمایاں کردار ادا کرتے رہے ہیں جو خطرات کا جائزہ لیتے اور بحران سے بچنے کے لیے پس پردہ کام کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ماضی کی طرح وہ طریقہ کار موجود نہیں ہیں اور نہ ہی وہ لوگ ہیں جو جنگ مخالف سسٹمز کو استعمال کرنے میں مہارت رکھتے تھے۔ واضح رہے کہ یوکرائن کے مسئلے پر روس اور مغرب کے درمیان کشیدگی 1990 کی دہائی میں سوویت یونین کے ٹوٹنے کے بعد بلند ترین سطح پر ہے۔

4 بقیہ

پیش کیا تھا۔ سیف الاسلام گذشتہ برس نومبر میں سبھا شہر میں صدارتی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے بعد سے روپوش ہو گئے۔ اس اقدام نے انتخابی کمیشن کو مجبور کر دیا کہ وہ سیف الاسلام کا نام نامزد امیدواروں کی فہرست سے نکال دے۔ بعد ازاں سبھا کی عدالت نے حکم جاری کیا تھا کہ سیف الاسلام کا نام لیبیا میں صدارتی انتخابات کے امیدواروں کی حتمی فہرست میں شامل کیا جائے۔

5 بقیہ

سے واپس نہیں بلایا، اس لیے حملے کا خطرہ زیادہ ہے۔

6 بقیہ

پر مرکوز رہی کیونکہ لوہانسک اور ڈونیٹسک کے علاقوں میں ماسکو نواز باغیوں نے اعلان کیا کہ انہوں نے شہریوں کو روس منتقل کرنا شروع کر دیا۔ یہ اعلان روس کے حملے کے بارے میں مغربی انتباہات کا مقابلہ کرنے اور اس کے بجائے یوکرین کو جارح کے طور پر دکھانے کی ماسکو کی کوششوں کا حصہ معلوم ہوتا ہے۔ ڈونیٹسک کی باغی حکومت کے سربراہ ڈینس پوشیلین نے کہا کہ خواتین، بچوں اور بوڑھوں کو پہلے وہاں سے نکالا جائے گا اور روس نے ان کے لیے سہولیات تیار کر رکھی ہیں۔ انہوں نے ایک ویڈیو بیان میں الزام لگایا کہ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی علاقے میں ایک فوری حملے کا حکم دینے جا رہے ہیں۔ اس کے بیان کے فوراً بعد، حکام نے ڈونیٹسک کے ایک یتیم خانے سے بچوں کو منتقل کرنا شروع کر دیا اور دوسرے رہائشی روس کے لیے بسوں میں سوار ہو گئے، پیٹرول اسٹیشنوں پر لمبی لائنیں لگ گئیں کیونکہ زیادہ سے زیادہ لوگ خود ہی نکلنے کے لیے تیار ہو گئے۔ دوسری جانب ولادیمیر پیوٹن نے اپنے ہنگامی امور کے وزیر کو حکم دیا کہ وہ یوکرین کی سرحد سے متصل علاقے روستوف کے لیے روانہ ہو جائیں، تاکہ انخلا کو منظم کرنے میں مدد ملے۔ ساتھ ہی انہوں نے اپنے حکام کو حکم دیا کہ وہ ہر انخلا کرنے والے کو 10 ہزار روبل (تقریباً 130 ڈالر) کی ادائیگی کی جائے، جو جنگ سے تباہ شدہ ڈونباس میں اوسط ماہانہ تنخواہ کے نصف کے برابر ہے۔ دوسری جانب یوکرین نے کسی بھی حملے کی منصوبہ بندی کی تردید کی، وزیر خارجہ دیمیتر کولیبا نے کہا کہ ان کا ملک ڈونباس میں ایسی کوئی کارروائی نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس کی منصوبہ بندی کر سکتا ہے۔ انہوں نے ایک ٹوئٹر پیغام میں کہا کہ ہم تنازعات کے صرف سفارتی حل کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ ادھر رابطوں کی غیر مستحکم لائن کے اطراف اقوام متحدہ کا ایک قافلہ لوہانسک کے علاقے میں باغیوں کی گولہ باری کی زد میں آیا جس میں باغیوں نے ملوث ہونے سے انکار کیا اور یوکرین پر اشتعال انگیزی کا الزام لگایا۔ تاہم علیحدگی پسند حکام نے لائن کے ساتھ یوکرینی فورسز کی جانب سے مزید گولہ باری کی اطلاع دی جبکہ کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے کہا کہ صورتحال ممکنہ طور پر بہت خطرناک ہے۔

7 بقیہ

ہونے والے مظاہرے کو ختم کرنے کے لیے 70 افراد کو گرفتار کیا اور درجنوں گاڑیوں کو ہٹا دی جو کہ تین ہفتوں سے کینیڈا کے دارالحکومت کو متاثر کر رہی تھی۔ لیکن سینکڑوں مظاہرین اب بھی جانے سے انکار کر رہے ہیں جس کی وجہ سے کلیئرنس کا عمل ہفتے کے آخر تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ اوٹاوا پولیس بھاری ہتھیاروں کے ساتھ مظاہرین کو ہٹانے کی کوشش کر رہی ہے۔

8 بقیہ

کے اسکوبا ڈائیونگ سوشل کلب کے رکن تھے۔ اس خوفناک واقعے کے بعد حکام اب حملہ آور شارک کو تلاش کر رہے ہیں۔ اس حملے کو 1963 کے بعد یعنی تقریباً 60 برسوں میں کسی شارک کا سب سے مہلک حملہ قرار دیا گیا ہے۔ سڈنی کے سمندر میں شارک کے حملے عام نہیں کیونکہ طویل عرصے سے سمندر میں جال اور دیگر رکاوٹیں لگی ہیں۔ حکام حملے کے دو گھنٹے بعد سمندر سے متاثرہ شخص کے اعضا نکالنے میں کامیاب ہوئے تھے۔ گزشتہ روز سرف لائف سیورز نے شارک کی تلاش میں جیٹ اسکی پر شہر کے مشرق سے جنوب میں کرونولا تک 25 کلومیٹر گشت کیا جبکہ اس دوران حکام ہیلی کاپٹر اور ڈرون بھی استعمال کر رہے تھے۔ ریاستی حکومت کے مطابق ماہرین نے اندازہ لگایا کہ یہ شکاری شارک کم از کم تین میٹر لمبی اور سائز میں بہت بڑی ہے جس کی وڈیو ایک شخص سے حاصل کی گئی ہے۔ بدھ کو ہوئے شارک حملے کے بعد شہر کے بیشتر ساحل بند کر دیے گئے تھے جنہیں اب کھول دیا گیا ہے۔

9 بقیہ

کانفرنس اتوار 20 جنوری کو اختتام پذیر ہوگی۔ اس کانفرنس میں جرمن وزیر خارجہ انالینا بیئربوک نے یوکرائنی سرحدوں پر روسی فوجیوں کے اجتماع کو یوکرائن اور دیگر یورپی ممالک کے لیے ناقابل قبول خطرہ قرار دیا۔ کانفرنس میں شریک مندوبین سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیریس کا کہنا تھا کہ یوکرائن بحران عالمی سلامتی کے لیے انتہائی خطرناک ہے اور یہ اپنی سنگینی کے اعتبار سے سرد جنگ سے بھی زیادہ شدید قرار دیا جا سکتا ہے۔ بالٹک ریاست لٹویا کے وزیر خارجہ ایڈگر رنکیویکس نے میونخ سکیورٹی کانفرنس میں اپنی تقریر میں کہا کہ یوکرائنی بحران کو حل کرنے کے لیے سفارتی کوششیں بہت ضروری ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ روس کے ساتھ مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھنا ضروری ہے تاکہ روس حکومت کو حملہ کرنے میں مشکلات کا سامنا رہے۔ مشرقی یوکرائن میں کیف حکومت کی فوجوں اور روس نواز باغیوں کے درمیان شیلنگ دوسرے دن بھی جاری رہنے کی تصدیق کی گئی ہے۔

10 بقیہ

خوبصورت اور پرکشش قرار دیا تھا، ان رضا کاروں کا امیاتی نظام (امیون سسٹم) بھی زیادہ بہتر تھا۔ اس تحقیق سے خوبصورت چہروں اور مضبوط امیون سسٹم کے مابین واضح تعلق سامنے آیا ہے، مقالے کی مرکزی مصنفہ اور ٹیکساس کرسچن یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی اسکالر، سمر منجیل کوخ نے کہا۔ لیکن ایسا کیوں ہوتا ہے؟ کیا امیون سسٹم سے خوبصورتی جنم لیتی ہے یا خوبصورتی کی وجہ سے امیون سسٹم بہتر ہوتا ہے؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ کوئی اور چیز ہو جو خوبصورتی بڑھانے کے ساتھ ساتھ امیون سسٹم بھی مضبوط بنا رہی ہو؟ فی الحال اس بارے میں ہم کچھ بھی نہیں جانتے، انہوں نے بتایا۔ یہ جاننا کوئی آسان کام ہرگز نہ ہوگا کیونکہ اس کیلیے نئی تحقیق کی ضرورت ہوگی جو زیادہ جامع اور مفصل ہو۔ ایسی کسی بھی تحقیق میں بہت زیادہ وقت لگے گا کیونکہ اس میں حسن اور امیاتی نظام کی مضبوطی میں تعلق کو مختلف پہلوؤں سے کھنگالنا ہوگا۔

11 بقیہ

وہ آئینے میں اپنا عکس دیکھ کر خود کو پہچان سکتی ہیں۔ اگر انہیں اپنے عکس میں کوئی اضافی اور غیر معمولی نشان نظر آ جائے تو وہ سمجھتی ہیں کہ کوئی کیڑا ان کے جسم سے چپک گیا ہے جسے چھڑا کر اپنا جسم صاف کرنے کیلیے وہ مختلف ترکیبیں بھی اختیار کرتی ہیں۔ واضح رہے کہ یہ دریافت تین سال پہلے، ماہرین کی اسی ٹیم نے کی تھی لیکن تب دوسرے سائنسدانوں نے اس پر شکوک و شبہات کا اظہار کرتے ہوئے کئی سوالات اٹھائے تھے اور اس دریافت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اوساکا سٹی یونیورسٹی میں ڈاکٹر ماناسوری کوہدا کی قیادت میں جاپانی، جرمن اور سوئس ماہرین کی ایک ٹیم نے یہ تحقیق ایک بار پھر انجام دی۔

12 بقیہ

کرنے والی 10 طالبات کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ کرناٹک میں حجاب پر پابندی کے خلاف طالبات کا کیس کرناٹک ہائیکورٹ میں زیر سماعت ہے۔ کرناٹک کی عدالت نے ہندو انتہا پسندوں کا موقف اپناتے ہوئے کیس کے فیصلے تک تعلیمی اداروں میں حجاب پہننے پر پابندی کا عبوری حکم دیا ہے۔ کرناٹک کے اسکولز اور کالجز میں باحجاب طالبات کو کلاسز اٹینڈ کرنے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے۔ کرناٹک کے علاوہ بھارت کی دیگر ریاستوں میں بھی حجاب کے خلاف مہم چلائی جا رہی ہے۔

13 بقیہ

شوپیاں اور قریبی علاقوں کا محاصرہ کیا اور گھروں میں گھس کر خواتین اور بچوں کو ہراساں کیا۔ علاقے میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس بھی بند کر دی گئی۔ اس دوران بھارتی فورسز نے جعلی مقابلے میں نہتے نوجوان کو گولیاں برسا کر شہید کر دیا۔ قابض بھارتی فوج نے متعدد نوجوانوں کو گرفتار بھی کر لیا۔ شوپیاں کا محاصرہ جاری ہے اور لوگوں کو گھروں سے نہ نکلنے کا حکم دیا گیا ہے۔

14 بقیہ

اور غائبانہ ہمالین یوگی بابا کی جانب سے چلائے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سکیورٹی اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا کی جانب سے یہ ناقابل یقین اور مضحکہ خیز انکشافات سامنے آئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق چترا رام کرشنا ن

سینئر اداکار آغا طالش کی 24 ویں برسی منائی گئی

شوبز شخصیات ، پرستاروں کا شاندار الفاظ میں خراج عقیدت

جگر کے عارضہ میں مبتلا ہونے کے باعث 19 فروری 1998 کو لاہور میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے تھے

لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے سینئر اداکار آغا طالش کی 24 ویں برسی منائی گئی ۔ آغا طالش 1927 کو لدھیانہ میں پیدا ہوئے ان کا اصل نام آغا علی عباس قزلباش اور ان کا آبائی وطن مشرقی پنجاب بھارت کا شہر لدھیانہ تھا۔ تقسیم ہند سے قبل ہی انہیں فلموں میں کام کرنے کا شوق ممبئی لے گیا۔ ان کی پہلی فلم سرائے کے باہر تھی جس کے مصنف کرشن چندر تھے۔ آغا طالش نے تقسیم ہند کے بعد پہلے پشاور اور پھر لاہور میں سکونت اختیار کر لی۔ وہ پنجابی اور پٹھو سے بھی منسلک رہے۔ لاہور میں ان کی پہلی پنجابی فلم تھی۔ مرحوم نے 40 برس سے زائد فلم انڈسٹری میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے۔ ان کی یادگار فلموں میں فرنگی، شہید، نیند، زرق، وجیہ خان، لاکھوں میں ایک، بہاریں پھر بھی آئیں گی، کنہڑا، تیرے عشق نچایا، امراجان ادا، جرو سمیت بے شمار ہیں جبکہ انہوں نے مجموعی طور پر 400 سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے ۔ وہ زندگی کے آخری ایام میں سانس کی تکلیف اور جگر کے عارضہ میں مبتلا ہونے کے باعث 19 فروری 1998 کو لاہور میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے تھے۔ فلمی صنعت سے وابستہ افراد اور پرستاروں نے مرحوم کی بری پرانیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ۔ جبکہ انہوں نے مجموعی طور پر 400 سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے ۔ وہ زندگی کے آخری ایام میں سانس کی تکلیف اور جگر کے عارضہ میں مبتلا ہونے کے باعث 19 فروری 1998 کو لاہور میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے تھے۔

ماہرہ کو خوبصورت دِکھنے کا کوئی حق نہیں ، مومل شیخ

ماہرہ خان نے صرف 3 2 گھنٹے پہلے یہ تصویر شیئر کی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان فلم و ٹی وی انڈسٹری کی معروف اداکارہ مومل شیخ نے کہا ہے کہ ماہرہ خان کو خوبصورت دکھنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ انسٹاگرام پر ماہرہ خان نے اپنی ایک تصویر شیئر کی جس میں انہوں نے بھی میکرکرکروایا ہوا ہے اور ہمیشہ کی طرح اس تصویر میں بھی دیدہ حسین لگ رہی ہیں۔ اداکارہ کی پوسٹ پر جہاں ان کے مداحوں نے تبصرے کیے تو وہ شوبز شخصیات بھی پیچھے نہ رہ سکیں۔ مومل شیخ نے کمنٹ کرتے ہوئے ماہرہ انداز میں لکھا کہ انہیں کوئی حق نہیں کہ تم اتنی خوبصورت لگو۔ یہ ناانصافی ہے۔ ماہرہ خان نے صرف 23 گھنٹے پہلے یہ تصویر شیئر کی ہے جسے اب تک تین لاکھ سے زائد صارفین لائک کر چکے ہیں۔ ماہرہ خان نے صرف 23 گھنٹے پہلے یہ تصویر شیئر کی ہے

بھارتی جعلسازوں نے اداکارہ سنی لیونی کے کریڈٹ کارڈ سے رقم نکلوالی

